فوری ریلیز کے لیے: 1/9/2026 **گورنر KATHY HOCHUL**

گورنر HOCHUL نے TRUMP انتظامیہ سے مطالبہ کیا کہ پولیس کی فنڈنگ ختم کرنا بند کرے اور نیو یارک کے اب بھی واجب الادا وفاقی انسداد دہشت گردی فنڈز کے $87 ملین فراہم کرے

TRUMP انتظامیہ نے گزشتہ سال لاپروائی سے نیو یارک کی انسداد دہشت گردی کی فنڈنگ میں $187 ملین کی کٹوتی کی

گورنر HOCHUL کی انتھک وکالت اور براہ راست رابطے کے بعد صدر Trump نے نیو یارک کی فنڈنگ مکمل طور پر بحال کرنے کا وعدہ کیا

لیکن Trump انتظامیہ نے صرف $100 ملین بحال کیے، جس کے باعث نیو یارک اہم انسداد دہشت گردی فنڈنگ کے $87 ملین سے محروم رہ گیا

فنڈنگ انٹیلی جنس آپریشنز، آمد و رفت کے مراکز کی سیکیورٹی اور ساتھ ہی ساتھ ساز و سامان کی خریداریوں، نیز کاؤنٹیز، شیرفس اور پولیس محکمہ جات کی جانب سے تربیت و تیاری کی کوششوں میں معاونت کرتی ہے

گورنر Kathy Hochul (کیتھی ہوکل) نے آج صدر Trump (ٹرمپ) اور محکمہ داخلی سلامتی (Department of Homeland Security, DHS) کے سیکریٹری Markwayne Mullin (مارک وین ملن) سے مطالبہ کیا کہ نیو یارک کو اب بھی واجب الادا وفاقی فنڈز کے $87 ملین جاری کر کے نیو یارک کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں کو مکمل فنڈنگ فراہم کی جائے۔ گزشتہ سال Trump (ٹرمپ) انتظامیہ نے ریاست نیو یارک میں انسداد دہشت گردی اور داخلی سلامتی کی اہم فنڈنگ میں 86 فیصد، یا $187 ملین کی کٹوتی کی۔ گورنر Hochul (ہوکل) نے اس لاپروائی پر مبنی کٹوتی کے خلاف براہ راست صدر Trump (ٹرمپ) سے اپیل کر کے جدوجہد کی اور صدر نے ریاست نیو یارک کی فنڈنگ مکمل طور پر بحال کرنے کا وعدہ کیا۔ تقریباً ایک سال انتظار کے بعد بھی، ریاست نیو یارک کو انٹیلیجنس آپریشنز، ٹرانزٹ مراکز کی سکیورٹی اور ریاست بھر کے شیرف اور پولیس محکموں کے لیے آلات، تربیت اور تیاری کی معاونت کے لیے $87 ملین اب بھی واجب الادا ہیں۔

"اس فنڈنگ کو روک کر، Trump (ٹرمپ) انتظامیہ پولیس کی فنڈنگ ختم کر رہی ہے،" **گورنر Hochul (ہوکل) نے کہا۔** "ریاست نیو یارک بدستور ملک میں دہشت گردوں کا سب سے بڑا ہدف ہے اور اگر صدر Trump (ٹرمپ) اور سیکریٹری Mullin (ملن) واقعی عوامی تحفظ کی پرواہ کرتے ہیں تو انہیں یہ کھیل کھیلنا بند کر دینا چاہیے اور ہماری اہم انسداد دہشت گردی کی کوششوں کو مکمل فنڈنگ فراہم کرنی چاہیے۔"

یہ فنڈنگ وفاقی ہنگامی انتظامیہ ایجنسی (Federal Emergency Management Agency, FEMA) کی جانب سے اس کے داخلی سلامتی گرانٹ پروگرام کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے، جو مقامی قانون نافذ کرنے والے اداروں اور علاقائی داخلی سلامتی کی تیاری کی کوششوں کی معاونت کرتی ہے، بشمول انٹیلیجنس آپریشنز، بڑے اجتماعات کی سکیورٹی، منصوبہ بندی، آلات کی خریداری، اور کمیونٹی کی روک تھام، تحفظ، ردعمل اور بحالی کی صلاحیتوں کو برقرار رکھنے اور بہتر بنانے کے لیے اہم تربیت۔ HSGP کو 2003 میں 11/9 کے بعد قائم کیا گیا تھا اور یہ تین علیحدہ گرانٹس پر مشتمل ہے — ریاستی داخلی سلامتی پروگرام (State Homeland Security Program, SHSP)، شہری علاقوں کی سکیورٹی کا اقدام (Urban Areas Security Initiative, UASI) اور آپریشن اسٹون

گارڈن (Operation Stonegarden)۔ SHSP اور UASI کے تحت، فنڈنگ کا 80 فیصد مقامی اداروں کے لیے مختص کیا جاتا ہے جبکہ 20 فیصد ریاستی پروجیکٹس کے لیے مختص رکھا جاتا ہے۔ ریاست نیو یارک کو اپنے SHSP اور UASI دونوں مختص فنڈز میں کٹوتیوں کا سامنا کرنا پڑا۔

2025 میں طویل تاخیر کے بعد، DHS نے HSGP کے لیے 2025 کا فنڈنگ کے موقع کا نوٹس جاری کیا، جس سے ریاستوں کو اس اہم فنڈنگ تک رسائی حاصل کرنے کی صلاحیت ملی۔ تاہم، باوجود اس کے کہ نیو یارک ملک میں دہشت گردوں کا سب سے بڑا ہدف ہے، اس کے مختص فنڈز میں 40 فیصد ($87 ملین) کی کٹوتی کی گئی۔ پھر، کسی پیشگی اطلاع یا وضاحت کے بغیر، 27 ستمبر 2025 کو DHS کی جانب سے گرانٹس جاری کیے جانے پر نیو یارک کی فنڈنگ میں مزید $100 ملین کی کٹوتی کی گئی۔ گورنر Hochul (ہوکل) کی مسلسل وکالت کے بعد، صدر Trump (ٹرمپ) نے اکتوبر 2025 میں ان غلط کٹوتیوں کو واپس لینے کا عزم کیا، جب انہوں نے Truth Social پر کہا کہ وہ "...خوشی کے ساتھ یہ بتا رہے ہیں کہ [انہوں نے] نیو یارک شہر اور ریاست کے لیے داخلی سلامتی اور انسداد دہشت گردی کی فنڈنگ میں کی گئی کٹوتیوں کو واپس لے لیا ہے۔ ایسا کرنا [ان کے لیے] اعزاز کی بات تھی۔ اس معاملے پر توجہ دینے کا شکریہ!" تقریباً ایک سال بعد، وفاقی جج کے حکم کے بعد ریاست نیو یارک کو واجب الادا رقم میں سے صرف $100 ملین موصول ہوئے ہیں، جبکہ تقریباً $87 ملین اب بھی واجب الادا ہیں۔

خصوصاً، باقی ماندہ $87 ملین تک رسائی درج ذیل کی مکمل فنڈنگ یقینی بنائے گی:

- NYPD کے انٹیلیجنس تجزیہ کاروں اور انسداد دہشت گردی یونٹ؛
- FDNY کی باہمی رابطہ کاری کی کمیونیکیشن اور ریڈیولوجیکل ردعمل کی صلاحیتیں؛
- جوائنٹ ٹاسک فورس امپائر شیلڈ (Joint Task Force Empire Shield) جو ٹرانزٹ مراکز میں نیو یارک نیشنل گارڈ کی موجودگی کی ذمہ دار ہے۔
- ریاست نیو یارک کے 12 تصدیق شدہ بم اسکواڈز؛ اور
- کاؤنٹیز، شیرف اور مقامی پولیس محکموں کے لیے آلات کی خریداری، تربیت، مشقوں اور تیاری کی کوششیں۔

ریاست نیو یارک ڈویژن برائے وطن کی سلامتی اور ایمرجنسی کی خدمات (New York State Division of Homeland Security and Emergency Services) کے کمشنر Terry O'Leary (ٹیری او لیری) نے کہا، "گورنر Hochul (ہوکل) نے ریاست کی ہنگامی تیاری اور انسداد دہشت گردی کی کوششوں میں ریکارڈ سرمایہ کاریاں کی ہیں لیکن ریاست نیو یارک یہ کام تنہا نہیں کر سکتی۔ دہشت گردی کے خلاف لڑنے کے لیے ہمارے وفاقی شراکت داروں کی جانب سے عزم ریاست کی تیاری کی صلاحیتوں کے حوالے سے نہایت اہم ہے، اور ان کوششوں کو مکمل فنڈنگ فراہم کرنے میں مزید کوئی تاخیر نیو یارک کے تمام باشندوں کے تحفظ اور سلامتی کو خطرے میں ڈال رہی ہے۔"

نیو یارک سٹی ایمرجنسی مینجمنٹ (New York City Emergency Management) کی کمشنر Christina Farrell (کرسٹینا فیرل) نے کہا، "انسداد دہشت گردی کی فنڈنگ اس کام کا ایک اہم حصہ ہے جو انٹیلیجنس، تربیت، منصوبہ بندی اور رابطہ کاری کی معاونت کرتی ہے جس سے پورے شہر میں ہماری ہنگامی تیاری مضبوط ہوتی ہے۔ نیو یارک سٹی نے بارہا ثابت کیا ہے کہ ہم وقت کی ضرورت کے مطابق تیار ہیں، اور ہمیں اپنے وفاقی شراکت داروں سے یہ درکار ہے کہ وہ اپنے عہد کو پورا کریں اور نیو یارک کے باشندوں کو محفوظ رکھنے کے لیے ضروری وسائل فراہم کریں۔"

ریاست نیو یارک بدستور ملک میں دہشت گردوں کا سب سے بڑا ہدف ہے اور حال ہی میں بڑے اجتماعات کے تاریخی موسمِ گرما سے گزری ہے، بشمول FIFA ورلڈ کپ، بین الاقوامی بحری جائزہ، امریکہ 250 کی تقریبات اور نیو یارک نکس کی چیمپیئن شپ مہم اور پریڈ۔ اس کے لیے ریاستی اور شہری عہدیداران کے ساتھ مربوط بے مثال تحفظ اور سلامتی کی تیاری کی کوشش درکار تھی تاکہ نیو یارک کے تمام باشندوں اور آنے والے افراد کے تحفظ اور

سلامتی کو یقینی بنایا جا سکے۔ اگر وفاقی حکومت ریاست کی انسداد دہشت گردی کی کوششوں کو مکمل فنڈنگ فراہم کرنے سے انکار کرتی ہے تو اس سے مستقبل کی منصوبہ بندی، رابطہ کاری اور سلامتی خطرے میں پڑ جائے گی۔

UASI فنڈنگ میں کٹوتی

نیو یارک میں، UASI کی فنڈنگ نیو یارک سٹی کے میٹروپولیٹن علاقوں کے اندر دائرہ اختیار رکھنے والے علاقوں کے لیے مختص ہے تاکہ انسداد دہشت گردی اور انٹیلیجنس کے تبادلے کے اہم پروگرامز کو برقرار رکھا اور بہتر بنایا جا سکے۔ مختص فنڈز کا تعین نیو یارک کے اربن ایریا ورکنگ گروپ (Urban Area Working Group, UAWG) کے ذریعے کیا جاتا ہے، جس میں نیو یارک سٹی، نساؤ کاؤنٹی، سافک کاؤنٹی، ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی، سٹی آف یونکرز اور پورٹ اتھارٹی آف نیو یارک اینڈ نیو جرسی شامل ہیں۔

UAWG رکن کے لحاظ سے UASI کی تخمینی کٹوتیاں:

سٹی آف یونکرز	-$947,959
نساؤ کاؤنٹی	-$947,959
NYC	-$55,671,592
پورٹ اتھارٹی	-$3,814,724
سافک کاؤنٹی	-$947,959
ویسٹ چیسٹر کاؤنٹی	-$947,959
کُل	**-$63,278,152**

SHSP میں کٹوتی

نیو یارک میں SHSP فنڈنگ کا رخ ہر کاؤنٹی اور نیو یارک سٹی کی جانب موڑا جاتا ہے تاکہ منصوبہ بندی، ساز و سامان کی خریداریوں، تربیت اور ہوم لینڈ سیکیورٹی کی دیگر پیش رفتوں میں معاونت کی جائے۔ فنڈنگ کی تقسیم فارمولوں پر مبنی ہے اور یقینی بناتی ہے کہ فنڈنگ ریاست نیو یارک کی ہر کاؤنٹی تک پہنچے۔

###

مزید خبریں www.governor.ny.gov پر دستیاب ہیں
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418
گورنر آفس سے اپ ڈیٹس کے لیے سائن اپ کریں: ny.gov/signup | 81336 پر NEW YORK ٹیکسٹ کریں

ان سبسکرائب کریں
اس گروپ سے ان سبسکرائب کرنے اور اس کی ای میلز روکنے کے لیے
press.release+unsubscribe@exec.ny.gov پر ای میل بھیجیں۔